حمل ضائع ہو جاتا ہے

پہلا حل رسولِ خدا ارشاد فرماتے ہیں کہ:

”اگر کوئی سورہٴ آلِ عمران کو زعفران سے لکھ کر بیوی کے گلے میں لٹکائے جس کا حمل گر جاتا ہو تو خدا حمل کو ضائع ہونے سے محفوظ رکھے گا“۔

دوسرا حل حضرت رسولِ خدا ارشاد فرماتے ہیں کہ:

”اگر سورہٴ والذّاریات کو لکھ کر اُس حاملہ کو باندھا جائے جس پر بچے کی ولادت سخت ہے تو بچے کی ولادت آسان اور جلدی ہوگی“۔

تیسرا حل حضرت خاتم الانبیاءؐ ارشاد فرماتے ہیں کہ:

”اگر سورہٴ حاقہ کو لکھ کر حاملہ کو باندھا جائے تو اللہ کے حکم سے جو (بچہ) اُس کے بطن میں ہے محفوظ رہے گا“۔

چوتھا حل حضرت امام جعفرِ صادقؑ سے منقول حدیث کے مطابق سورہٴ مبارکہ انشقاق کی 7 بار تلاوت وضعِ حمل میں آسانی کے لئے نہایت مفید ہے۔

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim youtube.com/madrasaalqaaim